# رہبر معظم کی موجودگي میں سید الشہداء حضرت امام حسین ( ع) کی عزاداری – 27 /Jan/ 2007

حسینیہ امام خمینی ( رہ) میں رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی امامت میں نماز مغرب و عشاء جماعت کے ساتھ ادا کی گئی اور اس کے بعدسید الشہداء حضرت امام حسین ( ع) کی عزاداری کے سلسلے میں مجلس عزا منعقد ہوئیہ اس مجلس میں عوام کے مختلف طبقات اور اعلی حکام نے بڑی تعداد میں شرکت کی ،حسینیہ کے اطراف کی سڑکیں بھی مجمع سے مملو تھیں، ذاکرین نےقیام امام حسین ( ع) کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کے بعد مصائب اہلبیت ( ع) میں نوحہ اور مرثیہ خوانی کی ۔

واضح رہے کہ مجالس عزا کا یہ سلسلہ بارہ محرم الحرام مطابق جمعرات بارہ بہمن تک جاری رہےگا۔